شعبۂ امور عامہ، سفارتخانہ امریکہ، نئی دہلی

پریس ریلیز

امریکن ایمبیسی، شانتی پتھ، چانکیہ پوری، نئی دہلی۔۱۱۰۰۲۱ فون: ۲۴۱۹۸۰۰۰(۹۱۔۱۱) ایکسٹنشن: ۸۸۲۲
فیکس: ۲۴۱۹۸۸۱۷۔(۹۱۔۱۱) انٹرنیٹ: http://newdelhi.usembassy.gov

فلبرائٹ ٹیچنگ فیلوشپ کیلئے یوسیف کو درخواستیں مطلوب ہیں

نئی دلی'14 جنوری: یو ایس' انڈیا ایجوکیشنل فاؤنڈیشن (USIEF) نے ہندوستان کے اسکولی اساتذہ' ایڈمنسٹریٹرس اور اکیڈمک کوآرڈی نیٹرس کے لئے ایک نئے فیلو شپ 'فل برائٹ ڈسٹنگشڈ ایوارڈ ان ٹیچنگ 2009' کا اعلان کیا ہے۔ یہ پروگرام ان کُل وقتی ہندوستانی اساتذہ کیلئے ہے جو ہندوستان کے کسی اسکول میں کسی بھی پرائمری' مڈل یا سیکنڈری سطح پر کسی بھی سبجیکٹ کی تدریس سے وابستہ ہوں۔ یہ پروگرام ان اسکول ایڈمنسٹریٹرس اور اکیڈمک کوآرڈی نیٹرس کے لئے بھی ہے جو اپنے وقت کا کم از کم پچاس فیصد حصہ کلاس روم میں گذارتے ہوں۔ اس پروگرام کیلئے درخواست موصول ہونے کی آخری تاریخ 15 فروری 2009 ہے۔

اس پروگرام کے لئے منتخب امیدواروں کو اگست کے اواخر سے وسط دسمبر 2009 تک کسی امریکی یونیورسٹی میں مامور کیا جائے گا۔ میزبان یونیورسٹی میں انہیں تدریسی مہارت کے شعبوں سے متعلق وسیع تر وسائل فراہم کرائے جائیں گے۔ اسکے ساتھ ہی وہ گریجویٹ سطح کی کلاسیز میں بھی داخلہ لے سکتے اور ریسرچ کر سکتے ہیں۔

پروگرام کے دوران شرکا کو بین ثقافتی مذاکرات کی حوصلہ افزائی اور مستقبل کے طریقہ تدریس کی حمایت کیلئے خود ڈیزائن کردہ پروجیکٹ کو مکمل کرنے کے لئے کام کرنا ہوگا۔ اسکے ساتھ ہی وہ مقامی سیکنڈری اسکولوں میں برسرخدمت اساتذہ کی ٹریننگ کے ایک حصہ کے طور پر ماسٹر کلاسیز بھی چلا سکتے ہیں۔ وطن واپسی کے بعد ان اساتذہ سے امید کی جائے گی کہ وہ اس پروگرام سے حاصل ہونے والی معلومات اور تجربہ سے اپنے اسکولوں کے اساتذہ اور طلباء اور اپنی کمیونٹی کے لوگوں کو آگاہ کریں۔ اس پروگرام میں ہندوستان کے علاوہ ارجنٹینا' اسرائیل' فن لینڈ' جاپان' سنگاپور اور جنوبی افریقہ کے اساتذہ شامل ہوں گے۔

مزید تفصیلات کیلئے یو ایس' انڈیا ایجوکیشنل فاؤنڈیشن (USIEF) کے دفتر' واقع فلبرائٹ ہاؤس' 12 ہیلی روڈ' نئی دلی۔110001' ای میل: ip@fulbright-india.org؛ ویب سائٹ: www.usief.org.in؛ فون نمبر: 011-23328944,42090909؛ فیکس نمبر: 011-23329718' میں مس سرینا پراچے یا ڈاکٹر گائتری سنگھل سے رابطہ قائم کریں۔

☆☆☆